# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 26 July-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۶/جولائی ۲۰۲۴ء

وقت: ۰۰:۹-۱۰:۹

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ پیاز کے ذخیرے کیلئے چھترپتی سمبھاجی نگر سمیت ناسک اور شولاپور میں جوہری توانائی پر مبنی پیاز کے مہابینک منصوبے قائم کیے جائیں گے۔

☆ دودھ اور دودھ کی مصنوعات میں ملاوٹ کی روک تھام کیلئے علیحدہ قانون وضع کرنے کا وزیراعلیٰ کا اعلان۔

☆ ریاست کے بیشتر حصوں میں بارش سے نظام زندگی مفلوج؛ سرکاری مشنریوں کو تال میل کے ساتھ حالات سے نمٹنے کی ہدایات۔

اور۔۔۔☆ پیرس اولمپک مقابلوں میں بھارت کی خواتین اور مرد تیر اندازکوارٹر فائنل میں داخل، اولمپک مقابلوں کا آج باقاعدہ افتتاح۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے ریاست کے چھترپتی سمبھاجی نگر سمیت ناسک اور شولاپور میں فوری طور پر پیاز کے مہابینک پروجیکٹ شروع کرنے کی ہدایت دی ہے۔ ریاست میں پیاز کے نقصان کی روک تھام اور پیاز کا ذخیرہ کرنے کیلئے جوہری توانائی پر چلنے والا پیاز بینک پروجیکٹ شروع کیا جارہا ہے۔ کل اس خصوص میں منعقدہ جائزاتی اجلاس میں وزیراعلیٰ نے یہ ہدایات دیں۔ ان بینکوں کے قیام کیلئے صنعتی ترقیاتی کارپوریشن، شعبۂ مارکیٹنگ اور ریاستی شاہراہ ترقیات کارپوریشن کی دستیاب جگہوں کا استعمال کرنے کی ہدایات بھی وزیرِاعلیٰ نے دیں۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے دودھ اور دودھ سے تیار ہونے والی اشیا' میں ملاوٹ کی روک تھام کیلئے ریاستی حکومت کی جانب سے ایک علیحدہ سخت قانون بنانے کا اعلان کیا ہے۔ کل' اس سلسلے میں منعقدہ میٹنگ کے بعد وزیرِاعلیٰ نے یہ جانکاری دی۔ نیا قانون' موجودہ ریاستی قانون' مہاراشٹر پروہیبیشن آف ڈینجرس ایکٹیویٹیز، (MPDA) سے بھی زیادہ سخت ہوگا۔ وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ خوراک میں ملاوٹ کرنے والوں کے خلاف غیر ضمانتی مقدمہ درج کرنے کے سلسلے میں بھی مرکزی حکومت سے سفارش کی جائیگی۔

دریں اثنا، وزیراعلیٰ نے سابق فوجیوں کی فلاح وبہبود کیلئے ایک کارپوریشن قائم کرنے کے احکامات بھی دیئے ہیں۔ اسی طرح ریاست کے سبھی سرکاری دفاتر میں اہل امیدواروں کو انٹرن شپ کے مواقع فراہم کرنے کی ہدایت بھی وزیراعلیٰ نے دی ہے۔ اس اسکیم کے تحت گڈ چرولی ضلع کی سونالی گیڈام کو ریاست میں پہلی تقرری دی گئی ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے مختلف حصوں میں گزشتہ روز ہوئی موسلا دھار بارش سے معمولاتِ زندگی درہم برہم ہوگئے۔ پونے میں اس بارش کا سب سے زیادہ اثر رہا۔ کھڑک واسلہ ڈیم سے مُٹھا ندی میں پانی چھوڑنے کے سبب شہر کی کئی بستیوں میں پانی داخل ہوگیا۔ سنہہ گڑھ روڈ پر واقع ایکتا نگر میں نیشنل ڈیزاسٹر ریسپانس دستے اور فوج کے جوانوں نے شہریوں کو محفوظ مقام پر منتقل کیا۔ جبکہ پونے ضلع میں کل کی بارش کے سبب مختلف حادثات میں چار افراد کی موت اور 12 افراد زخمی ہوگئے۔

ممبئی، پنویل، پال گھر، کلیان ۔ڈومبیولی، رائے گڑھ، رتنا گیری اور ستارا اضلاع میں بھی کل شدید بارش ہوئی۔ممبئی کے کئی نشیبی علاقوں میں پانی بھر جانے کی وجہ سے راستوں سمیت ٹرینوں کی آمدورفت پر اثر پڑا۔تھانے ضلع کی الہاس ندی خطرے کے نشان کو عبور کرچکی ہے اور بیشتر راستوں پر ٹریفک کی آمدورفت بند کردی گئی ہے۔رائے گڑھ ضلع کی ساوتری اور امبا ندیوں نے بھی خطرے کا نشان پار کرلیا ہے۔

کولہاپور ضلعے کے رادھا نگری آبی پشتے سے پانی کا اخراج کیے جانے سے پنچ گنگا ندی نے خطرے کے نشان کو عبور کرلیا ہے۔ندی کے اطراف کے دیہاتوں کے ساکنان کو محفوظ مقامات پر منتقل کردیا گیا ہے۔

دھاراشیو ضلع میں اب تک اوسطاً 395 ملی میٹر بارش کا اندراج کیا گیا ہے اور یہ بارش خریف کی فصلوں کیلئے مفید ہونے سمیت ضلع میں آبی سطح کو بڑھانے میں مددگار ثابت ہونے کی توقع کی جارہی ہے۔

لاتور ضلعے میں اب تک تقریباً 432 ملی میٹر بارش درج کی گئی ہے۔ضلع کے کئی ندیوں اور نالوں میں طغیانی آنے کی وجہ سے ضلع کے مانجرا، ماکنی، نمن تیرنا آبی پشتوں میں پانی کی مسلسل آمد جاری ہے۔ضلع میں کئی مقامات پر پل زیرِ آب آگئے ہیں‘ جس کے سبب متعلقہ راستے ٹریفک کیلئے بند ہوگئے ہیں۔

ناندیڑ ضلعے کا وشنو پوری آبی منصوبہ 83 فیصد بھر چکا ہے۔ناندیڑ کے ضلع کلکٹر ابھجیت راؤت نے بتایا کہ ڈیم کے دروازے کسی بھی وقت کھولے جاسکتے ہیں، لہٰذا ساحلی علاقوں پر آباد دیہاتوں کو چوکنا رہنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔

***** ***** *****

محکمہ موسمیات نے آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے چاروں ڈویژنوں میں بیشتر مقامات پر بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔اس دوران کوکن اور وسطی مہاراشٹر کے مختلف مقامات پر موسلا دھار بارش ہونے کا امکان ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں سیلابی صورتحال سے متاثرہ علاقوں میں جنگی پیمانے پر راحت رسانی کے کام کیے جارہے ہیں۔لہٰذا وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے شہریوں سے ضرورت کے مطابق ہی گھروں سے باہر نکلنے کی اپیل کی ہے۔وزیر اعلیٰ نے قومی اور ریاستی انسدادِ آفاتِ سماوی دستوں، فوج، بحریہ، پولس، آتش فرو دستے سمیت شعبۂ صحت کے ذمہ داران کو آپسی تال میل کے ذریعے ضرورت کے مطابق شہریوں کا تعاون کرنے کی ہدایات دی ہیں۔

***** ***** *****

قانون ساز اسمبلی میں قائدِ حزبِ اختلاف وجے وڈیٹیوار نے کہا ہے کہ ریاست میں طوفانی بارشوں کی وجہ سے کسان طبقہ ایک بار پھر مشکلات سے دوچار ہوا ہے۔لہٰذا نقصان سے متاثرہ کسانوں کو خاطر خواہ امداد فراہم کرنے کا انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے مختلف حصوں میں جاری شدید بارش کے پیش نظر آج معلنہ دسویں اور بارہویں کے سپلیمنٹری امتحانات کے پرچے ملتوی کردیے گئے ہیں۔آج، دہم جماعت کا سائنس اور ٹیکنالوجی حصہ دوم، مضمون کا پرچہ آئندہ 31 جولائی بروز بدھ صبح گیارہ بجے سے دوپہر ایک بجے کے درمیان منعقد ہوگا۔جبکہ بارہویں جماعت کے کامرس آرگنائزیشن اینڈ مینجمنٹ، علمِ اغذیات سمیت ایم سی وی سی حصہ دوم کا پرچہ آئندہ 9 اگست بروزِ جمعہ کو صبح گیارہ تا دوپہر دو بجے کے درمیان لیا جائے گا۔ان پرچہ جات کے علاوہ سپلیمنٹری امتحانات کے نظام الاوقات میں دیگر کوئی تبدیلی نہ کرنے کی اطلاع تعلیمی بورڈ کی جانب سے دی گئی ہے۔

***** ***** *****

آج کارگل جنگ میں فتح کا 25 واں یومِ تاسیس منایا جارہا ہے۔ اس مناسبت سے وزیراعظم نریندر مودی کارگل جنگ کی یادگار پر شہیدوں کے اعزاز میں گلہائے عقیدت نچھاور کریں گے۔ ساتھ ہی وزیراعظم ٹیلی کانفرنسنگ سسٹم کے ذریعے شِنکون لا نامی زیرِ زمین منصوبے کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔ جبکہ کارگل فتح دِن کے موقع پر آج ستارا میں وزیراعلیٰ کی موجودگی میں ایک پروگرام کا انعقاد کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

پیرس اولمپک کھیلوں میں بھارت نے شاندار کارکردگی سے حصولِ تمغہ جات مہم کا آغاز کیا ہے۔ تیراندازی میں بھارتی خواتین اور مرد کھلاڑیوں نے کوارٹر فائنل میں اپنی جگہ بنالی ہے۔ تیرانداز ترون دیپ رائے اور پروین جادھو سمیت دیپیکا کماری‘ اَنکیتا بھگت‘ بھجن کور اور بی دھیرج نے سنگل رینکنگ راؤنڈ میں حصہ لیا۔

ٹورنامنٹ کے باقی مرحلے 28 جولائی تا 4 اگست کے درمیان ہوں گے۔ جبکہ پیرس اولمپک کھیلوں کی افتتاحی تقریب آج بھارتی وقت کے مطابق رات گیارہ بجے شروع ہوگی۔ بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو اور ٹیبل ٹینس کھلاڑی شرتھ کمل کو بھارت کے پرچم بردار ہونے کا اعزاز دیا گیا ہے۔

ٹوکیو اولمپکس میں ایک گولڈ میڈل سمیت سات تمغے جیتنے والے 117 کھلاڑیوں پر مشتمل بھارتی دستہ پیرس میں داخل ہو چکا ہے۔ اَتھلیٹکس میں سب سے زیادہ 29، نشانے بازی میں 21، بیڈمنٹن 7 اور تیراندازی اور کشتی زمرے میں فی کس چھ کھلاڑی شرکت کررہے ہیں۔ ان میں، سبھی کی نظریں اسٹیپل چیس میں بیڑ کے اویناش سابڑے، تیراندازی میں پروین جادھو، بیڈمنٹن میں چراغ شیٹی، نشانے بازی میں سوپنیل کُسڑے اور ہائی جمپ میں سرویش کشارے پر ٹکی ہوئی ہیں۔ ٹوکیو اولمپکس میں شاندار کارکردگی کے بعد اویناش سابڑے سے تمغے کی بہت زیادہ امیدیں وابستہ ہوئی ہیں۔

***** ***** *****

34 ویں ریاستی جونیئر تائیکوانڈو ٹورنامنٹ کا آج سے بیڑ میں آغاز ہورہا ہے۔ ریاست بھر سے تقریباً ساڑھے چار سو کھلاڑی اس ٹورنامنٹ میں شرکت کیلئے بیڑ پہنچ چکے ہیں۔ 27 جولائی تک یہ مقابلے جاری رہیں گے۔ اس ٹورنامنٹ میں کل شام پُومسے زمرے کے مقابلے ہونے کی اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی ہے۔

***** ***** *****

پربھنی پولس محکمے کے موٹر شعبے کی جانب سے ’’شی وَین‘‘ تیار کی گئی ہے۔ اس جدید گاڑی میں خواتین پولس ملازمین کیلئے درکار ضروری سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ پولس سپرنٹنڈنٹ رویندر سنگھ پردیشی نے کل اس وَین کا افتتاح کرتے ہوئے بتایا کہ یہ وَین بندوبست پر تعینات خواتین پولس ملازمین کیلئے تیار کی گئی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے زرعی سائنس مرکز میں ’’آم ؛ بہتر زرعی طریقہ‘‘ کے موضوع پر کل ایک روزہ تربیتی کیمپ منعقد ہوا۔ پربھنی کی وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر اِندر مَنی کے ہاتھوں پروگرام کا افتتاح عمل میں آیا۔ اس کیمپ میں سو سے زائد کسانوں نے شرکت کی۔

***** ***** *****

وسطی ریلوے کے دَونڈ ریلوے اسٹیشن پر درستی کے کاموں کے پیشِ نظر آئندہ اتوار سے کچھ ریلوے گاڑیوں کی خدمات آئندہ چند دِنوں تک منسوخ کردی گئی ہیں۔ ان میں ناندیڑ۔ پنویل۔ ناندیڑ‘ پونے۔ نظام آباد۔ پونے‘ اور نظام آباد۔ پنڈھرپور گاڑیاں شامل ہیں۔ جنوب وسطی ریلوے کے ناندیڑ زون دفتر نے مسافروں سے اس منسوخی کو نوٹ کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ پیاز کے ذخیرے کیلئے چھترپتی سمبھاجی نگر سمیت ناسک اور شولاپور میں جوہری توانائی پر مبنی پیاز کے مہابینک منصوبے قائم کیے جائیں گے۔

☆ دودھ اور دودھ کی مصنوعات میں ملاوٹ کی روک تھام کیلئے علیحدہ قانون وضع کرنے کا وزیر اعلیٰ کا اعلان۔

☆ ریاست کے بیشتر حصوں میں بارش سے نظامِ زندگی مفلوج؛ سرکاری مشنریوں کو تال میل کے ساتھ حالات سے نمٹنے کی ہدایات۔

اور۔۔۔☆ پیرس اولمپک مقابلوں میں بھارت کی خواتین اور مرد تیر انداز کوارٹر فائنل میں داخل، اولمپک مقابلوں کا آج باقاعدہ افتتاح۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****